www.jang.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت، ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

THE DAILY JANG RAWALPINDI

رجسٹرڈ نمبر NPR-002

روزنامہ جنگ راولپنڈی

LOCAL EDITION TUESDAY MARCH 26, 2024

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

جلد 66 منگل 15 رمضان المبارک 1445ھ 26 مارچ 2024ء 13 چیت 2081 ب نمبر 85

# 1 سال میں سرکاری اداروں میں بدانتظامی کی 19 لاکھ شکایات پر کارروائی

## گورننس اور بدنظمی کی شکایات میں ایک سال میں 18 فیصد اضافہ، وفاقی محتسب ادارے کی سالانہ رپورٹ

### صدر مملکت سے وفاقی محتسب ملاقات، محتسب تک رسائی کو بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (طاہر خلیل) ایک سال میں سرکاری اداروں میں بد انتظامی کی 19 لاکھ سے زائد شکایات پر کارروائی کی گئی۔ محتسب ادارے سے ایک سال میں بد انتظامی اور گورننس مسائل کی شکایات میں 18 فیصد اضافہ ہو گیا جبکہ ازالہ شکایات کارروائی میں ریکارڈ 22 فیصد اضافہ ہوا، صدر مملکت آصف علی زرداری کو وفاقی محتسب کی ایک سالہ کارکردگی رپورٹ پیش کر دی گئی، آن لائن شکایات بھیجنے کے رجحان میں 21 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ثاتبے ہوئے محتسب تک رسائی کو بڑھانے کے لئے مزید اقدامات کرنے کی ضرورت

باقی صفحہ 6 نمبر 23

**بقیہ** شکایات پر کارروائی 23

پر زور دیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی خدمات سے مستفید ہو سکیں۔ صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے پیر کو یہاں ایوان صدر میں انہیں وفاقی محتسب کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ ملاقات کے دوران صدر مملکت کو بتایا گیا کہ وفاقی محتسب نے 2023 میں سرکاری محکموں کی بدانتظامی کے خلاف ریکارڈ 194099 شکایات پر کارروائی کی ۔ وفاقی محتسب کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کی نسبت سال 2023 میں شکایات پر کارروائی میں 18 فیصد اضافہ ہوا، مجموعی شکایات میں سے 193028 کا ازالہ کیا گیا، سال 2022 کے مقابلے میں شکایات کے ازالہ میں 22 فیصد اضافہ ہوا۔ وفاقی محتسب نے ملاقات میں صدر مملکت کو محتسب کی کارکردگی اور اقدامات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب سرکاری محکموں کی بدانتظامی کے خلاف شکایت کنندگان کو فوری اور بلا معاوضہ انصاف فراہم کر رہا ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ سال 2023 میں 49190 شکایات آن لائن موصول ہوئیں، گزشتہ سال کی نسبت 47 فیصد اضافہ ہوا، موبائل ایپ کے ذریعے 22321 شکایات موصول ہوئیں جس میں سال 2022 کے مقابلے میں 21 فیصد اضافہ ہوا۔ صدر مملکت کو اس بات سے آگاہ کیا گیا کہ محتسب ٹیکنالوجی کی مدد سے مقدمات کا جلد ازالہ کر رہا ہے جبکہ وہ دور دراز علاقوں تک رسائی بڑھا رہا ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ نئے علاقائی دفاتر، کھلی کچہریوں، تنازعات کے غیر رسمی حل اور انسپکشن ٹیموں کے دوروں سے شکایات کے ازالے میں مدد ملی ہے جبکہ شکایات کے اندراج میں اضافہ ہوا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کو اس بات سے بھی آگاہ کیا گیا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں اوورسیز پاکستانیوں کے دفتر نے ریکارڈ 202367 شکایات پر کارروائی کی ہے۔ اس موقع پر صدر مملکت نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہا اور رسائی بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

TUESDAY, MARCH 26, 2024

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 299 | منگل، 15 رمضان المبارک، 26 مارچ 2024ء، صفحات 10 قیمت 40 روپے

# صدر مملکت کو وفاقی محتسب نے سالانہ رپورٹ پیش کر دی

## آصف زرداری نے کارکردگی سراہتے ہوئے محتسب تک مزید رسائی بڑھانے پر زور دیا

### آئیوری کوسٹ کو برآمدات بڑھانے کے بہت زیادہ امکانات، صدر، نامزد سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (ایکسپریس رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے محتسب تک رسائی کو بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی خدمات سے مستفید ہو سکیں۔ ایوانِ صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سے گفتگو (باقی صفحہ 7 نمبر 1)

**صدر مملکت**

کرتے ہوئے کیا جنہوں نے پیر کو ایوان صدر میں انہیں وفاقی محتسب کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ صدر مملکت کو بتایا گیا کہ وفاقی محتسب نے 2023 میں سرکاری محکموں کی بدانتظامی کیخلاف ریکارڈ 1 لاکھ 94099 شکایات پر کارروائی کی۔ وفاقی محتسب رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کی نسبت 2023 میں شکایات پر کارروائی میں 18 فیصد اضافہ ہوا۔ مجموعی شکایات میں سے 193028 کا ازالہ کیا گیا۔ 2022 کے مقابلے شکایات ازالہ میں 22 فیصد اضافہ ہوا۔ وفاقی محتسب سرکاری محکموں کی بدانتظامی کیخلاف شکایت کنندگان کو فوری اور بلا معاوضہ انصاف فراہم کر رہا ہے۔ صدر مملکت نے آئیوری کوسٹ میں پاکستان کے نامزد سفیر محمود اختر محمود سے کہا کہ کوٹ ڈی واغ کو پاکستانی چاول، طبی و جراحی آلات، ادویات اور کھیلوں کے سامان کی برآمدات بڑھانے کے بہت زیادہ امکانات موجود ہیں۔ آئیوری کوسٹ سے تجارتی اور اقتصادی تعلقات آگے بڑھانے کے مواقع تلاش کریں۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، منگل، 26 مارچ 2024ء

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ
دنیا
اسلام آباد



اسلام آباد: صدر آصف زرداری کو وفاقی محتسب اعجاز قریشی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے

# محتسب تک رسائی کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت: صدر مملکت

## شکایات ازالہ میں 22 فیصد اضافہ ہوا: وفاقی محتسب نے سالانہ رپورٹ پیش کی

## سفیر آئیوری کوسٹ کیساتھ تجارتی تعلقات کے مواقع تلاش کریں: آصف زرداری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا محتسب تک رسائی بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی خدمات سے مستفید ہوسکیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار وفاقی (باقی صفحہ 4 نمبر 19)

بقیہ نمبر 19 صدر مملکت

محتسب اعجاز احمد قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے ان سے ملاقات میں سالانہ رپورٹ پیش کی، صدر کو بتایا گیا وفاقی محتسب نے 2023 میں سرکاری محکموں کی بدانتظامی کی 194099 شکایات پر کارروائی کی، گزشتہ سال کی نسبت 2023 میں کارروائی میں 18 فیصد اضافہ ہوا، مجموعی شکایات میں سے 193028 کا ازالہ کیا گیا جو 2022 کی نسبت 22 فیصد زائد ہے۔ 2023 میں آن لائن 49190 شکایات موصول ہوئیں اور ان میں گزشتہ سال سے 47 فیصد اضافہ ہوا، موبائل ایپ پر 22321 شکایات ملیں جن میں 2022 سے 21 فیصد اضافہ ہوا۔ اوورسیز پاکستانیز کے دفتر نے 202367 شکایات پر کارروائی کی۔ دریں اثنا صدر آصف زرداری نے کوٹ ڈی آئیوری (آئیوری کوسٹ) میں پاکستان کے نامزد سفیر محمود اختر محمود سے گفتگو کرتے کہا پاکستانی چاول، طبی و جراحی آلات، ادویات اور کھیلوں کے سامان کی برآمدات بڑھانے کے بہت زیادہ امکانات ہیں، نامزد سفیر تجارتی اور اقتصادی تعلقات آگے بڑھانے کے مواقع تلاش کریں۔




# سرکاری محکموں کی قریباً2لاکھ شکایات، صدر کو وفاقی محتسب کی سالانہ رپورٹ پیش

Mar 26, 2024

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر مملکت آصف علی زرداری کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب کی سالانہ رپورٹ پیش کردی۔ وفاقی محتسب نے 2023ء میں سرکاری محکموں کی بدانتظامی کے خلاف ریکارڈ 194,099 شکایات پر کارروائی کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ سال کی نسبت سال 2023ء میں شکایات پر کارروائی میں 18 فیصد اضافہ ہوا، کل شکایات میں سے 193,028 کا ازالہ کیا گیا، سال 2022ء کے مقابلے میں 22 فیصد اضافہ ہوا، وفاقی محتسب نے ملاقات میں صدر مملکت کو محتسب کی کارکردگی اور اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا، وفاقی محتسب سرکاری محکموں کی بدانتظامی کے خلاف شکایت کنندگان کو فوری اور بلا معاوضہ انصاف فراہم کر رہا ہے۔ سال 2023ء میں 49,190 شکایات آن لائن موصول ہوئیں۔ گزشتہ سال کی نسبت 47 فیصد اضافہ ہوا، موبائل ایپ کے ذریعے 22,321 شکایات موصول ہوئیں۔ سال 2022ء کے مقابلے میں 21 فیصد اضافہ ہوا، محتسب ٹیکنالوجی کی مدد سے مقدمات کا جلد ازالہ کر رہا ہے، دور دراز علاقوں تک رسائی بڑھا رہا ہے۔ نئے علاقائی دفاتر، کھلی کچہریوں، تنازعات کے غیر رسمی حل اور انسپکشن ٹیموں کے دوروں سے شکایات کے ازالے میں مدد ملی، شکایات کے اندراج میں اضافہ ہوا، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں اوورسیز پاکستانیوں کے دفتر نے ریکارڈ 202,367 شکایات پر کارروائی کی۔ صدر مملکت نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہا، رسائی بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئیوری کوسٹ کوٹ ڈی واغ کے ساتھ اقتصادی اور ثقافتی تعلقات بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ کوٹ ڈی واغ کو پاکستانی چاول، طبی و جراحی آلات، ادویات اور کھیلوں کے سامان کی برآمدات بڑھانے کے بہت زیادہ امکانات موجود ہیں۔ صدر مملکت کوٹ ڈی واغ (ائیوری کوسٹ) میں پاکستان کے نامزد سفیر محمود اختر محمود سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان کے کوٹ ڈی واغ کے ساتھ خوشگوار تعلقات ہیں۔ نامزد سفیر آئیوری کوسٹ کے ساتھ تجارتی اور

اقتصادی تعلقات آگے بڑھانے کے مواقع تلاش کریں۔ دریں اثناء صدر نے یوم پاکستان پریڈ کا انتظام کرنے والے سویلینز اور فوجی افسروں میں شیلڈز تقسیم کیں۔

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن
ABC CERTIFIED
اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفر آباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے روزانہ شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار
E-mail:ausaf@dsl.net.pk اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com
روزنامہ اوصاف اسلام آباد
DAILY AUSAF ISLAMABAD
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان
جلد: 26 | منگل، 15 رمضان المبارک 1445ھ، 26 مارچ 2024ء، 13 چیت 2081 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 98
TUESDAY, MARCH 26, 2024
Registered ID 174



اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری کو وفاقی محتسب اعجاز قریشی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں

لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد اور گوجرانوالہ سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ
# نئی بات
اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمٰن

Tuesday 26 March 2024

| جلد | منگل 15 رمضان المبارک 1445ھ 26 مارچ 2024ء 13 چیت 2081 ب | صفحات 8 | قیمت 30 روپے | شمارہ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| 13 | www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com | | | 46 |



اسلام آباد: صدر مملکت آصف زرداری کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے